الغرض جو شخص سنت کے مطابق نماز کی ادائیگی کی خواہش رکھتا ہو اس کے لئے یہ کتاب مکمل راہنمائی کے لئے کافی ہے۔ مسلمان عورتوں اور مردوں کے لئے یہ کتاب پڑھنے اور استفادہ کے لئے پاس رکھنا مفید ہے۔ کتاب کے کل ۷۷ اصفحات ہیں۔ اتنی مختصر کتاب میں اتنی زیادہ معلومات جمع کرنا مصنف کی کاوش اور جذبہ نصیحت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

☆☆☆

نام کتاب = ماہنامہ ''البرہان'' کراچی
شمارہ = دسمبر ۲۰۰۰ء
قیمت = ۲۰ روپے
پتہ = سعودیہ محل' اقبال سنٹر' ناظم آباد نمبر ۳' کراچی ۱۸

ماہنامہ ''البرہان'' کا پہلا شمارہ سادہ مگر خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ شائع ہوا۔ اس کے مضامین مسلم امہ کے لئے گہری افادیت کا پہلو رکھتے ہیں۔ مضامین کا انداز تحقیقی اور مواد مستند ہے۔ اکثر مضمون نگار عالمی شہرت کے محقق اور عالم دین ہیں۔ چونکہ عالم اسلام اس وقت انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے' کفر کی طاقتیں پوری قوت کے ساتھ امت مسلمہ پر یلغار کئے ہوئے ہیں اور خود مسلمانوں کی اکثریت مغربی چمک دمک سے متاثر ہو کر اسلامی تہذیب سے بیگانہ ہو رہی ہے ضرورت اس اَمر کی ہے کہ معیاری جرائد غلبہ عالم اسلامی کے لئے انقلابی انداز میں جدوجہد میں شامل ہوں اور اُمت مسلمہ کی بیداری کے لئے بھرپور کردار ادا کریں۔

رسالے کی کمپوزنگ اور ایڈیٹنگ اگرچہ خاصی معیاری ہے تاہم کہیں کہیں سقم موجود ہے۔ آیات قرآنی لکھنے میں بھی کہیں کہیں سہوا ہوا ہے' جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ پروف ریڈنگ پوری احتیاط سے نہیں کی گئی۔

☆☆☆